**CODE: 72**

| Booklet Serial No. | Signature Invigilator |
|---|---|
| | |

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## (ایل ایل. ایم)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

وقت: دو گھنٹے

نمبرات: 100

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کے گئی جگہ پر اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھنا چاہیے۔ امیدوار کو اپنے ہال ٹکٹ نمبر اور OMR کسی اور جگہ نہیں لکھنا چاہیے۔
2. یہ کتابچہ (36) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار کو امتحان دینے سے پہلے کتابچہ چیک کرنا چاہیے۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں تفتیش کار کی طرف سے ایک نیا کتابچہ فراہم کیا جا سکتا ہے۔ جوابات کے لیے 8 صفحات کا کتابچہ الگ سے فراہم کیا جائے گا۔
3. سوالیہ کتابچہ حصہ A اور B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے لیے چار آپشنز ہیں۔ امیدوار سے ضروری ہے کہ وہ صحیح جواب کا انتخاب کرے اور متعلقہ جواب کے خلاف OMR شیٹ میں نیلے / کالے بال پوائنٹ پین سے دائرے کو گہرا کرے۔ ہر سوال میں 1 نمبر ہوتا ہے۔ حصہ (B) وضاحتی سوالات (4) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال میں 5 نمبر ہوتے ہیں۔
4. امیدوار کو OMR شیٹ میں ہر ایک درست جواب کے لیے ایک ایک نمبر ملے گا۔ اگر امیدوار OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے خلاف صحیح جواب نہیں دیتا ہے، تو انہیں نمبر نہیں ملیں گے۔
5. اگر امیدوار کسی بھی سوال کے لیے OMR شیٹ میں ایک سے زیادہ حلقے بناتا ہے، تو سوال کے لیے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔
6. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
7. داخلہ ٹیسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اپنا سوالنامہ لے جانے کی اجازت ہے۔

***

**CODE: 72**

1. درج ذیل میں سے کس ماہرِ قانون نے قانون کو حاکم کے ایسے حکم کے طور پر بیان کیا ہے جس کی پشت پر سزا کی ضمانت ہوتی ہے؟

(A) سیوگنی (B) رونالڈ ڈورکن (C) جان آسٹن (D) ایچ۔ایل۔اے۔ہارٹ

2. ہارٹ کی آسٹن پر تنقید بنیادی طور پر اس نظریے پر مبنی ہے کہ کوئی قانونی نظام صرف احکامات اور سزاؤں تک محدود نہیں ہوتا بلکہ اس میں بنیادی اور ثانوی ضوابط دونوں شامل ہوتے ہیں:

(A) حقوق اور فرائض
(B) احکامات اور سزائو
(C) رسمیں اور روایات
(D) اخلاقیات اور انصاف

3. کیلسن کے نظریے میں "گرنڈ نارم"(Grund norm) کے تصور کو بہترین طور پر کس طرح سمجھا جاتا ہے؟

(A) ایک مفروضی بنیادی ضابطہ
(B) ایک سماجی رواج
(C) ایک عدالتی نظیر
(D) ایک اخلاقی اصول

4. اگر کوئی جج کسی راست قانونی ضابطے کی عدم موجودگی میں بھی آئینی اخلاقیات پر انحصار کرتا ہے تو اس کا طریقۂ کار کس نظریے کے زیادہ قریب ہوتا ہے؟

(A) آسٹینی حاکمیت
(B) ڈورکن کا اصولوں کا نظریہ
(C) سخت مثبتیت
(D) تجزیاتی فقہ

5. فقہ کا تاریخی مکتبِ فکر سب سے زیادہ کس کے قریب ہے؟

(A) گرے (B) بینتھم (C) سالمونڈ (D) سیوگنی

6. ہوفیلڈ کی اسکیم سے یہ واضح ہوتا ہے کہ کوئی بھی حق (Right) عام طور پر .................... مربوط ہوتا ہے؟

(A) امتیاز سے (B) استثنا سے (C) آزادی سے (D) فرض سے

CODE: 72

7. اگر کسی شخص کا کسی منقولہ شے پر قانونی ملکیت کے بغیر محض طبعی قبضہ ہے تو اس کیفیت کو بہترین طور پر کس طرح بیان کیا جائے گا؟

(A) مدت استعمال پر حق ملکیت
(B) ملکیت کے بغیر قبضہ
(C) قبضے کے بغیر ملکیت
(D) محدود استعمال کا حق

8. جب حقیقت پسند یہ کہتے ہیں کہ قانون وہی ہے جو عدالتیں عملاً کرتی ہیں، تو وہ درجِ ذیل میں کس چیز پر زور دے رہے ہوتے ہیں؟

(A) مقننہ کی بالادستی
(B) صرف عرفی اخلاقیات
(C) عدالتی رویّہ اور نتائج
(D) صرف فطری انصاف

9. "قانون اور اخلاقیات میں باہم اشتراک ہو سکتا ہے لیکن دونوں یکساں نہیں ہیں" یہ بیان سب سے زیادہ کس نظریے سے مطابقت رکھتا ہے؟

(A) خدائی قانون کا نظریہ
(B) قانونی مثبتیت
(C) خالص مطلق فطری قانون
(D) صرف بشریاتی فقہ

10. ایسی ذمہ داری جسے نیت، غفلت یا علم کے ثبوت کے بغیر عائد کیا جائے، اسے درست طور پر کس زمرے میں رکھا جائے گا؟

(A) بالواسطہ ذمہ داری
(B) سخت ذمہ داری
(C) تعزیری نااہلی
(D) خطا پر مبنی ذمہ داری

11. بنیادی ڈھانچے کے نظریے کو مستند طور پر کس مقدمے میں پیش کیا گیا؟

(A) منیکا گاندھی بنام یونین آف انڈیا
(B) گولک ناتھ بنام ریاست پنجاب
(C) کیشوانند بھارتی بنام ریاست کیرالا
(D) منروا ملز بنام یونین آف انڈیا

CODE: 72

12. دفعہ 21 متعدد اخذ شدہ حقوق کا ماخذ بن گیا کیونکہ سپریم کورٹ نے "قانون کے ذریعے طے شدہ طریقۂ کار کی تشریح ذیل کے مطابق کی:

(A) انتظامی ہدایات جنہیں قانون کی قوت حاصل ہو (B) منصفانہ، عادلانہ اور معقول طریقۂ کار

(C) کوئی بھی نافذ شدہ طریقۂ کار (D) صرف پارلیمنٹ سے منظور شدہ طریقۂ کار

13. اگر پارلیمنٹ آئین میں ترمیم کر کے عدالتی نظر ثانی کو مکمل طور پر ختم کر دے تو ایسی ترمیم ممکنہ طور اس لیے باطل ہو گی کہ وہ۔۔۔۔۔۔۔ کو نقصان پہنچاتی ہے۔

(A) بنیادی ڈھانچہ (B) وفاقی ہم آہنگی

(C) رہنما اصول (D) پارلیمانی مراعات

14. غیر قانونی حراست کو چیلنج کرنے کے لیے بنیادی طور پر کون سی عرضی (Writ) استعمال کی جاتی ہے؟

(A) منڈیمس (B) ہیبیس کارپس

(C) سرشیوراری (D) کووارنٹو

15. دفعہ 14 "معقول درجہ بندی" کی اجازت صرف اسی وقت دیتا ہے جب کوئی قابلِ فہم امتیاز اور۔۔۔۔۔۔۔ موجود ہو۔

(A) ایک آئینی ترمیم (B) مقننہ کی مقبولیت

(C) انتظامیہ کی منظوری (D) مقصود شے سے معقول تعلق

16. کوئی ایسا قانون جو ایک طبقے کو اپنے مقصد سے حقیقی تعلق کے بغیر الگ تھلگ کر دے، راست طور پر سب سے زیادہ کس دفعہ کی خلاف ورزی کرے گا؟

(A) دفعہ 19 (B) دفعہ 300

(C) دفعہ 14 (D) دفعہ 25

**CODE: 72**

17. ریاستی پالیسی کے رہنما اصولوں کو ملک کی حکمرانی میں بنیادی قرار دیا گیا ہے، لیکن وہ پھر بھی:

(A) ہر حال میں بنیادی حقوق سے برتر ہیں
(B) حقوق کے طور پر عدالتی نظر ثانی کے قابل ہیں
(C) دفعہ 32 کے ذریعے قابل نفاذ ہیں
(D) نا قابلِ عدالتی نفاذ

18. صدرِ جمہوریہ کے آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار کس دفعہ میں موجود ہے؟

(A) دفعہ 213
(B) دفعہ 123
(C) دفعہ 356
(D) دفعہ 143

19. مقننہ کے سامنے پیش کیے بغیر آرڈیننسوں کے دوبارہ اجراء کی سپریم کورٹ نے کس مقدمے میں مذمت کی؟

(A) ڈی۔ سی۔ واڈھوا
(B) کیشوانند بھارتی
(C) اے۔ کے۔ گوپالن
(D) ایس۔ آر۔ بومئی

20. اگر احتیاطی حراست کا کوئی قانون وجوہات کی اطلاع کو خارج کر دے اور نمائندگی کے حق سے مکمل انکار کرے، تو وہ آئینی عہد بستگی کے کس اصول سے سب سے زیادہ متصادم ہو گا؟

(A) دو ایوانی نظام
(B) اخوت
(C) فطری انصاف اور منصفانہ طرزِ عمل
(D) صدارتی نظامِ حکومت

21. آئینی تعبیر میں تمہید اس لیے اہم ہے کہ یہ آئین کی۔۔۔۔۔۔۔ کی عکاسی کرتا ہے؟

(A) ٹیکس کا ڈھانچہ
(B) پارلیمانی طریقۂ کار
(C) صرف ہنگامی نظام
(D) سیاسی فلسفہ اور مقاصد

22. ڈاکٹر بی۔ آر۔ امبیڈکر نے دفعہ 32 کو کیا قرار دیا تھا؟

(A) آئین کا دل اور روح
(B) آزادی کی انتظامی ڈھال
(C) اعلیٰ ترین قانون ساز تحفظ
(D) وفاقیت کی ریڑھ کی ہڈی

CODE: 72

23. اگر آزادیِ اظہار پر امن عامہ کے مفاد میں پابندی عائد کی جائے تب اسے بھی کس معیار پر پورا اترنا ہو گا؟

(A) عدالتی مقبولیت
(B) معقولیت
(C) وزارتی مصلحت
(D) آئین ساز اختیار

24. اگر کسی ریاستی حکومت کو آئینی بحران کے بغیر محض سیاسی اختلاف کی بنیاد پر برطرف کر دیا جائے تو اس اقدام کو کس مقدمے میں تسلیم شدہ اصول کے تحت کمزور قرار دیا گیا؟

(A) ایس۔ آر۔ بومئی
(B) کیدار ناتھ سنگھ
(C) اے۔ڈی۔ ایم۔ جبل پور
(D) گولک ناتھ

25. ہندوستانی آئین کے مطابق سیکولرزم کے تحت ریاست سے حقیقت میں کیا تقاضا کیا جاتا ہے؟

(A) تمام مذاہب سے مخاصمت
(B) ہر معاملے میں مذہب کی مکمل قانونی عدم اہمیت
(C) مذاہب کے درمیان اصولی غیر جانب داری
(D) اکثریتی مذہب سے ترجیحی سلوک

26. ہندوستانی قانون کے تحت ایک معتبر معاہدے کے لیے پیش کش، قبولیت، عوض، اہلیت، جائز مقصد کے علاوہ کس چیز کی ضرورت ہوتی ہے؟

(A) ہر صورت میں رجسٹریشن
(B) نوٹری کی تصدیق
(C) آزاد رضامندی
(D) مہر بند دستاویز

27. نابالغ کے ساتھ کیا گیا معاہدہ عموماً کس حیثیت سے دیکھا جاتا ہے؟

(A) بلوغت کے حاصل ہونے کے بعد خود بخود قابلِ نفاذ
(B) نابالغ کی صوابدید پر قابلِ تنسیخ
(C) اگر عوض موجود ہو تو معتبر
(D) ابتدا ہی سے باطل

**CODE: 72**

28. اگر "الف" اس لیے معاہدے پر دستخط کرے کہ "ب" جھوٹا فوجداری مقدمہ دائر کرنے کی دھمکی دیتا ہے، تو "الف" کی رضامندی کس وجہ سے معیوب ہو گی؟

(A) غلط بیانی (B) جبر (C) ناجائز دباؤ (D) خطا

29. اصول ناکامی معاہدہ (Doctrine of Frustration) اس وقت نافذ ہوتا ہے جب تشکیل معاہدہ کے بعد اس پر عملدرآمد:

(A) ناممکن یا غیر قانونی ہو جائے (B) جزوی طور پر سہل ہو جائے
(C) زبانی طور پر متنازع ہو جائے (D) زیادہ منافع بخش ہو جائے

30. اگر فریقین کی نیت یہ ہو کہ معاہدے پر صرف وہی مقدمہ دائر کر سکیں اور کوئی باہر والا شخص نہیں، تو متعلقہ اصول کون سا ہو گا؟

(A) استوپل (B) استرداد
(C) معاہدے کی اختصاصیت (D) خریدار

31. دکان کی شیلف پر آویزاں کی گئی دعوتِ خرید عام طور پر قانون میں پیش کش نہیں بلکہ ------ سمجھی جاتی ہے؟

(A) پیش کش کی دعوت (B) مکمل وعدہ
(C) جوابی پیش کش (D) نافذ شدہ معاہدہ

32. الف" مخصوص اشیاء "ب" کو فروخت کرنے کا معاہدہ کرتا ہے لیکن ترسیل سے پہلے وہ اشیاء فریقین کی کسی غلطی کے بغیر تلف ہو جاتی ہیں، تو معاہدہ کیا ہو جائے گا؟

(A) ابتدا ہی سے غیر قانونی (B) ہرجانے کے ساتھ قابلِ نفاذ
(C) صرف "ب" کی صوابدید پر قابلِ تنسیخ (D) بعد میں ناممکن ہونے کی وجہ سے باطل

33. ہندو قانون کے تحت طلاق کا حکم نامہ کسی قانونی بنیاد پر ہی دیا جا سکتا ہے مثلاً:

(A) ظلم و زیادتی (B) جہیز کی عدم موجودگی
(C) ہر صورت میں محض عدم موافقت (D) ذات کا اختلاف

**CODE: 72**

34. عائلی قانون اور متعلقہ طریقۂ کار میں نفقہ کے احکام کا بنیادی مقصد کس چیز کو روکنا ہے ؟

(A) معاہداتی خلاف ورزی
(B) وصیتی جانشینی
(C) سماجی محرومی اور غفلت
(D) گود لینے میں دھوکہ

35. کم عمر بچے کی حضانت (Custody) کے فیصلے میں عدالت کس چیز کو مقدم ترین خیال کرتی ہے ؟

(A) دادا دادی کا مذہب
(B) باپ کا مطلق حق
(C) بچے کی فلاح و بہبود
(D) صرف ماں کی مالی حیثیت

36. پہلی معتبر شادی کے بر قرار رہتے ہوئے انجام دی گئی ہندو شادی عموماً۔۔۔۔ ہو گی

(A) باطل
(B) اگر ظاہر کر دی جائے تو معتبر
(C) بے قاعدہ لیکن معتبر
(D) صرف قابلِ تنسیخ

37. مسلم قانون میں شادی کو بنیادی طور پر کس حیثیت سے تسلیم کیا جاتا ہے۔

(A) بھروسہ
(B) صرف ایک مقدس رسم
(C) سماجی معاہدہ
(D) حق آسائش

38. جس شوہر یا بیوی کو بلا کسی معقول وجہ کے چھوڑ دیا گیا ہو وہ راحت کا مطالبہ کر سکتا / کر سکتی ہے کیوں کہ ترک تعلق کو۔۔۔۔۔۔ تسلیم کیا جاتا ہے۔

(A) طلاق کی بنیاد
(B) قانونِ شہادت کا اصول
(C) ٹیکس سے متعلق نااہلی
(D) صرف طریقۂ کار کی خامی

39. سیکولر ضابطہ فوجداری کے تحت نظر انداز شدہ بیوی کے نفقے کا دعویٰ اس لیے اہم ہے کیوں کہ یہ:

(A) صرف طلاق کے حکم نامے کے بعد نافذ ہوتا ہے
(B) صرف ہندوؤں کے لیے ہے
(C) پرسنل لا کی شناخت سے قطع نظر قانونی حدود میں نافذ ہوتا ہے
(D) صرف شوہر کی رضامندی سے نافذ ہوتا ہے

CODE: 72

40. میمورنڈم آف ایسوسی ایشن میں بنیادی طور پر کمپنی کے ۔۔۔۔۔۔ کی وضاحت ہوتی ہے؟

(A) آڈٹ طریقۂ کار
(B) بیرونی دائرہ کار اور اغراض و مقاصد
(C) منافع کی تقسیم کی پالیسی
(D) داخلی انتظامی قواعد

41. ڈائریکٹرز کو عام طور پر امانت دارانہ حیثیت رکھنے والا سمجھا جاتا ہے کیوں کہ وہ ۔۔۔۔۔۔ کے مفاد میں کام کرتے ہیں؟

(A) کمپنی
(B) صرف انفرادی قرض خواہ
(C) نجی طور پر اکثریتی حصہ داروں
(D) صرف رجسٹرار

42. اگر کارپوریٹ فرم کو قانون سے بچنے یا فراڈ کے ارتکاب کے لیے استعمال کیا جائے تو عدالت اس کے علاحدہ قانونی وجود کو کس طریقے سے عدم تسلیم کر سکتی ہے؟

(A) صرف تعمیری نوٹس کے نفاذ سے
(B) اندرونی نظم و نسق کے اطلاق سے
(C) کارپوریٹ پردہ کو چاک کر کے
(D) منڈیمس کی رِٹ جاری کر کے

43. کمپنی کے اغراض و مقاصد کی شق سے ماورا کیا گیا عمل کلاسیکی طور پر کیا کہلاتا ہے؟

(A) سب جوڈس
(B) الٹرا وائرز
(C) انٹرا وائرز
(D) بدنیتی پر مبنی

44. جبر اور بدانتظامی سے متعلق کارروائیاں بنیادی طور پر کس کے تحفظ کے لیے ہوتی ہیں؟

(A) پروموٹرز کو ریاست سے تحفظ کے لیے
(B) آڈیٹرز کو ذمہ داری سے بچانے کے لیے
(C) اقلیتی مفادات کو غیر منصفانہ طرزِ عمل سے بچانے کے لیے
(D) صرف ڈیبنچر ہولڈرز کے لیے

**CODE: 72**

45. فوجداری قانون میں "mens rea" کی اصطلاح سے عموماً کیا مراد ہوتا ہے؟

(A) سماجی نقصان (B) ممنوعہ فعل

(C) قانونی سزا (D) مجرمانہ ذہن

46. مجرمانہ سازش اس وقت مکمل ہوتی ہے جب:

(A) ارادہ ہو مگر ترسیل نہ ہو

(B) ہر حال میں اصل جرم کا ارتکاب ہو

(C) کسی غیر قانونی فعل یا قانونی فعل کو غیر قانونی ذرائع سے کرنے پر راضی ہو۔

(D) صرف تیاری ہو مگر رضامندی نہ ہو

47. اگر کوئی فرد شخصی دفاع کی قانونی حدود سے تجاوز کرتے ہوئے نقصان کا سبب بنے، تو اس کا عذر اس لیے ناقابل قبول ہو سکتا ہے کیوں کہ شخصی دفاع کے لیے ضرورت کے ساتھ ۔۔۔۔۔۔ بھی لازمی ہے۔

(A) اکثریت کی رضامندی (B) حق ملکیت

(C) تناسب (D) رجسٹریشن

48. اگر "الف" قتل کی نیت سے کھانے میں زہر ملائے لیکن متاثرہ شخص نے وہ کھانا نہیں کھایا، تو "الف" پھر بھی کس کے لیے ذمہ دار ہو سکتا ہے؟

(A) افعال کی قربت کی بنیاد پر اقدام جرم (B) صرف دیوانی غفلت

(C) بالکل کوئی جرم نہیں (D) ہر صورت میں صرف تیاری

49. اکسانے کے ذریعے اعانت جرم، سازش سے اس لیے مختلف ہے کہ اکسانے میں اصل زور ۔۔۔۔۔۔ پر ہوتا ہے؟

(A) صرف جسمانی نقصان (B) عدالتی اقرار جرم

(C) دوسرے کو جرم کرنے پر اکسانے یا حوصلہ افزائی (D) صرف تحریری معاہدہ

50. اگر کئی افراد مشترکہ نیت کے تحت کسی مجرمانہ فعل میں جان بوجھ کر شریک ہوں تو ذمہ داری کس بنیاد پر عائد ہو سکتی ہے؟

(A) خود مختار استثنا
(B) مشترکہ نیت کے ذریعے مشترکہ ذمہ داری
(C) حقیقت واقعہ میں غلطی
(D) مطلق ذمہ داری

51. قابلِ دست اندازیِ جرم میں عمومی طور پر پولیس کو کس اختیار کے تحت گرفتاری کی اجازت ہوتی ہے؟

(A) وارنٹ کے بغیر، قانون کے مطابق
(B) صرف سماعت کے بعد
(C) صرف فردِ جرم عائد ہونے کے بعد
(D) صرف دیوانی عدالت کی اجازت سے

52. فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (FIR) اس لیے اہم ہے کہ اسی کی بنیاد پر ------ کے سلسلے میں فوجداری قانون پر عمل آوری شروع ہوتی ہے۔

(A) نجی ثالثی کے معاملات
(B) تمام دیوانی غلطیاں
(C) قابلِ دست اندازیِ پولیس جرائم
(D) صرف ٹیکس تنازعات

53. اگر پولیس قابلِ دست اندازیِ جرم سے متعلق اطلاع درج کرنے سے انکار کرے تو متاثرہ شخص کس سے رجوع کر سکتا ہے؟

(A) الیکشن کمیشن
(B) مجسٹریٹ یا قانون کے مطابق اعلیٰ پولیس اتھارٹی
(C) صرف گرام سبھا
(D) رجسٹرار آف کمپنیز

54. ضمانت کا قانون اس اصول کی بنیاد پر ہے کہ مقدمے سے پہلے کی حراست ------ میں تبدیل نہیں ہونی چاہیے؟

(A) قصور کے ثبوت
(B) سزا سے پہلے سزا
(C) آئینی ترمیم
(D) دیوانی حکم نامے

55. فردِ جرم کس مرحلے کی تکمیل کے بعد داخل کی جاتی ہے؟

(A) نظرِ ثانی
(B) سزا سنانے
(C) تفتیش
(D) اپیل

**CODE: 72**

56. آئین کے مطابق منصفانہ تفتیش اس لیے اہم ہے کہ غیر منصفانہ یا جانبدارانہ تفتیش ملزم کے۔۔۔۔۔ متاثر کر سکتی ہے؟

(A) جائیداد رکھنے کے حق کو (B) مذہبی تشخص کے حق کو

(C) تیز اور منصفانہ سماعت کے حق کو (D) انجمن سازی کے حق کو

57. بنیادی اصول یہ ہے کہ کسی حقیقت کو ثابت کرنے کی ذمہ داری عموماً اس شخص پر ہوتی ہے جو:

(A) اس سے انکار کرے (B) اسے ریکارڈ کرے

(C) اس کا دعویٰ کرے (D) اس کا فیصلہ کرے

58. اقرارِ جرم اسی وقت معتبر سمجھا جاتا ہے جب یہ ثابت ہو جائے کہ وہ:

(A) رضاکارانہ ہے (B) مقبول ہے

(C) میڈیا کے سامنے دہرایا گیا ہے (D) نوٹری شدہ ہے

59. مرتے وقت دیا گیا بیان بغیر حلف کے بھی قابلِ قبول ہو سکتا ہے کیونکہ قانون اس بیان کو اس وقت متعلقہ سمجھتا ہے جب وہ۔۔۔۔۔۔ کے سبب سے متعلق ہو۔

(A) جانشینی (B) موت

(C) ٹیکس (D) گود لینا

60. سنی سنائی شہادت عموماً اس لیے خارج کی جاتی ہے کہ بیان دینے والا اصل شخص عدالت کے سامنے۔۔۔۔۔ کے لیے موجود نہیں ہوتا؟

(A) جرح (Cross-examination) (B) طبی علاج

(C) پولیس حراست (D) جائیداد کے معائنے

61. قانونِ شہادت میں قیاسات اس لیے اہم ہیں، کیونکہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے یہ ثبوت کا بوجھ منتقل کر سکتے ہیں لیکن ۔۔۔۔۔۔ کو کبھی منتقل نہیں کرتے۔

(A) علاقائی دائرۂ اختیار (B) دعویٰ کی مالیت

(C) عرضداشتیں (D) قانونی بوجھ کو ہر معنی میں

**CODE: 72**

62. بین الاقوامی عدالت انصاف (ICJ) قانون کی دفعہ 38 معاہدات، عرف اور عمومی اصولوں کو کس حیثیت سے تسلیم کرتا ہے؟

(A) گھریلو ترمیم
(B) فوجداری دفاع
(C) بین الاقوامی قانون کے ماخذ
(D) نجی معاہدات

63. عرفی بین الاقوامی قانون (Customary International Law) کے لیے عمومی ریاستی عمل (state practice) کے ساتھ یہ عقیدہ بھی ضروری ہے کہ ایسا عمل ۔۔۔۔۔۔ کے تحت انجام دیا جارہا ہے۔

(A) صرف فوجی ضرورت
(B) صرف مروّت
(C) محض عادت
(D) قانونی فرض (opinio juris)

64. جب کوئی ریاست کسی دوسری ریاست کے حق میں عائد بین الاقوامی ذمہ داری کی خلاف ورزی کرے تو بنیادی طور پر کون سا اصول لاگو ہوتا ہے؟

(A) پارلیمانی حاکمیت
(B) شہریوں کا سفارتی استثنا
(C) ریاستی ذمہ داری
(D) علاقائی الحاق

65. عالمگیر دائرۂ اختیار اس لیے غیر معمولی ہے کہ اس کے تحت کوئی ریاست بعض سنگین جرائم کا مقدمہ علاقائی تعلق یا۔۔۔۔ کے قریبی ربط کے بغیر بھی چلا سکتی ہے۔

(A) شہادت
(B) قومیت
(C) ٹیکسیشن
(D) طریقۂ کار

66. داخلی قانون اور بین الاقوامی قانون کے تعلق پر اکثر اس لیے بحث ہوتی ہے کہ ملکی عدالتوں کو یہ طے کرنا پڑتا ہے کہ معاہداتی ذمہ داریوں کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے؟

(A) نظام کے مطابق قانون سازی کے ذریعے شمولیت یا براہِ راست اطلاق
(B) ہر حال میں لازمی ریفرنڈم
(C) پارلیمنٹ کی تحلیل
(D) صرف صدارتی آرڈیننس

**CODE: 72**

67. غیر منقولہ جائیداد کی بیع کس چیز کی منتقلی ہے؟

(A) اداشدہ یاوعدہ کردہ قیمت کے عوض ملکیت (B) صرف عارضی استفادہ

(C) صرف آئندہ نفقہ کے حقوق (D) صرف قبضہ

68. رہن(Mortgage)دراصل کسی مخصوص غیر منقولہ جائیداد کے ایک فائدے کو ۔۔۔۔۔کے لیے منتقل کرتا ہے۔

(A) گود لینا (B) سرپرستی

(C) فوجداری ذمہ داری (D) قرض یاکسی ذمہ داری کی ادائیگی کی ضمانت

69. اجارہ(Lease) بیع (Sale)سے اس لیے مختلف ہے کیونکہ اجارہ میں صرف ایک معین مدت کے لیے جائیداد سے فائدہ اٹھانے کا حق منتقل کیا جاتا ہے، جو۔۔۔۔۔۔۔۔کے بدلے میں ہوتا ہے۔

(A) سزا (B) کرایہ یاپریمیم

(C) عدالتی نظرثانی (D) مطلق قیمت

70. ٹرانسفر آف پراپرٹی ایکٹ 1882 کے تحت ہبہ اسی وقت معتبر ہوتا ہے جب وہ رضاکارانہ طور پر اور۔۔۔۔۔۔۔کے بغیر کیاجائے؟

(A) قبولیت (B) عوض

(C) قبضہ (D) تصدیقِ شہادت

71. جزوی تعمیل (Part Performance)کا اصول قبضہ رکھنے والے منتقَل الیہ کو اس وقت تحفظ دیتا ہے جب رسمی منتقلی نامکمل ہو، کیونکہ انصاف منتقِل کو معاہدے کے ساتھ۔۔۔۔۔۔عمل کرنے سے روکتا ہے؟

(A) تعزیری طورپر (B) ماضی میں مؤثر انداز میں

(C) معاہدے سے متناقض طورپر (D) قانون سازی کے ذریعے

72. آلودگی پھیلانے والا ہی ماحولیاتی نقصان کے ازالے کی لاگت برداشت کرے، یہ اصول کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(A) عوامی امانت کا نظریہ (B) 'آلودگی پیدا کرنے والا ادائیگی کرے' کا اصول

(C) پائیدار استعمال کا نظریہ (D) احتیاطی اصول

**CODE: 72**

73. "پائیدار ترقی کا اصول" ماحولیاتی تحفظ اور کس چیز کے درمیان موافقت پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے؟

(A) لامحدود استحصال (B) ترقیاتی ضروریات

(C) ہنگامی اختیارات (D) وسائل کے مطلق عدم استعمال

74. اگر کوئی خطرناک صنعت کسی تباہ کن نقصان کے باوجود یہ کہہ کر ذمہ داری سے بچنے کی کوشش کرے کہ اس کی طرف سے کوئی غفلت نہیں ہوئی، تو ہندوستان میں یہ دفاع کس نظریے کی وجہ سے کمزور پڑ جاتا ہے؟

(A) اندرونی انتظام کا اصول (B) وعدہ خلافی سے منع کرنے کا اصول

(C) مطلق ذمہ داری (D) گرہن (Eclipse)

75. نیشنل گرین ٹریبونل (NGT) کن معاملات میں مؤثر اور تیز رفتار فیصلے کے لیے قائم کیا گیا؟

(A) کمپنی میں جبر (B) آئینی ترامیم

(C) ازدواجی راحت (D) ماحولیاتی تحفظ اور معاوضہ

76. احتیاطی اصول خاص طور پر اس وقت اہم ہو جاتا ہے جب سائنسی یقین مکمل نہ ہو مگر سنگین ماحولیاتی نقصان کا خطرہ:

(A) قانونی طور پر غیر متعلق ہو (B) صرف فوجداری سزا پر منحصر ہو

(C) معتبر ہو (D) محض خیالی ہو

77. اگر دریا، جنگل یا ساحلِ سمندر کو ایسی شے سمجھا جائے جو عوام کے لیے ریاست کے پاس امانتاً ہو، تو اس کا بنیادی نظریہ کیا ہو گا؟

(A) علاحدگی کا نظریہ (B) عوامی امانت کا نظریہ

(C) Foss v Harbottle کا اصول (D) مایوسی معاہدہ کا نظریہ

78. ماحولیاتی اثرات کا جائزہ (EIA) اس لیے اہم ہے کہ وہ کسی منصوبے کی منظوری اور نفاذ سے پہلے کن چیزوں کا اندازہ لگانے کی کوشش کرتا ہے؟

(A) صرف تصورِ منصوبہ (B) اپیل

(C) فوجداری استغاثہ (D) ممکنہ ماحولیاتی نتائج

**CODE: 72**

79. جی۔ایس۔ٹی کو بنیادی طور پر کس زمرے میں رکھا جاتا ہے؟

(A) صرف بلدیاتی محصول
(B) براہِ راست ٹیکس
(C) آئینی ٹارٹ
(D) بالواسطہ ٹیکس

80. جی۔ایس۔ٹی کا ایک مرکزی مقصد ٹیکسوں کے تہہ در تہہ اثر کو کم کرنا ہے، اور یہ کس ذریعے سے ممکن بنایا جاتا ہے؟

(A) انسدادی حراست
(B) لازمی حصولِ جائیداد
(C) ان پٹ ٹیکس کریڈٹ
(D) ماضی سے مؤثر فوجداری قانون

81. تنخواہ، مکان، کاروبار یا پیشہ اور دیگر ذرائع سے آمدنی، قانون کے کس نظام کی عکاسی کرتی ہے؟

(A) تفویضی قانون سازی
(B) آمدنی کے مدات کی درجہ بندی
(C) جرم کی تجویز سزا
(D) آئینی ترامیم

82. ٹیکس چوری، ٹیکس بچت سے اس لیے مختلف ہے کہ ٹیکس چوری میں عموماً۔۔۔۔۔۔شامل ہوتا ہے؟

(A) قانون کے اندر رہتے ہوئے جائز منصوبہ بندی
(B) صرف عدالتی تعبیر
(C) خیراتی استثنا
(D) غیر قانونی اخفا یا غلط بیانی

83. کسی ٹیکس کی آئینی حیثیت کو اس صورت میں چیلنج کیا جا سکتا ہے جب وہ قانون سازی کی اہلیت کے بغیر عائد کیا گیا ہو، کیونکہ ہندوستان میں ٹیکسیشن کو۔۔۔۔۔۔۔کے مطابق ہونا چاہیے؟

(A) قانون ساز اختیارات کی تقسیم
(B) حقوقِ ارتفاق کا قانون
(C) صرف نظائر کا اصول
(D) مذہب اور ریاست کی علاحدگی

CODE: 72

84. تعصب کے خلاف اصول، کس کے بنیادی عناصر میں سے ایک ہے؟

(A) حق حصول اراضی
(B) فطری انصاف
(C) پارلیمانی حاکمیت
(D) اجتماعی ذمہ داری

85. تفویضی قانون سازی کی اجازت بنیادی طور پر اس لیے دی جاتی ہے کہ جدید حکمرانی میں تفصیلات طے کرنے کا کام انتظامیہ انجام دے، بشرطیکہ وہ-------- تابع ہو؟

(A) قانون ساز اور عدالتی نگرانی
(B) کسی نگرانی کے بغیر
(C) صرف میڈیا کی منظوری
(D) انتخابی توثیق

86. اگر کوئی انتظامی اتھارٹی متاثرہ شخص کو سماعت کا موقع دیے بغیر فیصلہ کرے تو یہ اقدام کس اصول کی خلاف ورزی کی بنا پر کمزور ہو گا؟

(A) زیرِ سماعت
(B) فیصل شدہ
(C) دوسری پارٹی کو سننا
(D) تجارت سے خارج شے

87. قانون کے تحت دیے گئے اختیار کی حد سے باہر کیا گیا کوئی انتظامی عمل کس بنیاد پر چیلنج کیا جا سکتا ہے؟

(A) الٹرا وائرز
(B) خریدار خبردار
(C) ریاستی عمل
(D) غیر فیصلہ شدہ معاملہ

88. انتظامی صوابدید کی عدالتی نظر ثانی میں عدالت عموماً اتھارٹی کی رائے کی جگہ اپنی رائے نہیں رکھتی، لیکن وہ قانونی حیثیت، طریقۂ کار کی منصفانہ کیفیت کے علاوہ کس چیز کا جائزہ ضرور لیتی ہے؟

(A) صرف کابینہ کی راز داری
(B) اکثریتی مذہب
(C) من مانی یا بدنیتی
(D) انتخابی قوت

89. تعدی(Tort) کی جامع تعریف کیا ہے؟

(A) صرف فوجداری جرم
(B) لاعلاج اخلاقی جرم
(C) معاہدے سے آزاد دیوانی غلطی
(D) آئینی ترمیم

CODE: 72

90. غفلت کے لیے فرض، خلاف ورزی، سببیت اور کس چیز کا ثبوت ضروری ہوتا ہے؟

(A) ریاستی منظوری (B) اشاعت

(C) رجسٹریشن (D) نقصان

91. اگر ہسپتال کا ملازم دورانِ ملازمت غفلت سے کسی مریض کو نقصان پہنچائے تو ہسپتال کس اصول کے تحت ذمہ دار ہو سکتا ہے؟

(A) مشترکہ نیت (B) سخت تعبیر

(C) بالواسطہ ذمہ داری (D) خریدار خبردار

92. ہتکِ عزت کے لیے ایسے بیان کی اشاعت ضروری ہے جو کسی شخص کو۔۔۔۔۔۔۔۔ کی نظر میں گرا دے؟

(A) صرف مدعی (B) معاشرے کے معقول اور سلیم الفکر افراد

(C) صرف عائلی عدالت (D) صرف پولیس

93. کسی دوسرے شخص کی زمین کے استعمال اور اس سے استفادے میں غیر معقول مداخلت کو کس زمرے میں رکھا جائے گا؟

(A) ایذارسانی (Nuisance) (B) حملہ

(C) ضرب (D) فریب

94. رائلنڈز بمقابلہ فلیچر (Rylands v Fletcher) کا اصول روایتی طور پر کس سے منسلک سمجھا جاتا ہے۔

(A) غلط قید (B) شخص پر تجاوز

(C) سخت ذمہ داری (D) ہتکِ عزت

95. ایم۔ سی۔ مہتا اولیم گیس لیک مقدمے میں سپریم کورٹ نے Rylands سے زیادہ سخت اصول اس لیے وضع کیا کہ خطرناک سرگرمی میں مصروف صنعتوں کو۔۔۔۔۔۔۔ برداشت کرنا چاہیے؟

(A) نیت کے بغیر کوئی ذمہ داری نہیں (B) صرف قانونی سزائیں

(C) صرف معاہداتی ذمہ داری (D) مطلق ذمہ داری

CODE: 72

96. غلط قید اس وقت واقع ہوتی ہے جب کسی شخص کو قانونی ۔۔۔۔۔۔۔کے بغیر حدود کے اندر مکمل طور پر روکا جائے؟

(A) وراثت (B) کرایہ داری

(C) اشاعت (D) رضامندی یا جواز

97. Res Ipsa Loquitur کا اصول غفلت کے مقدمات میں مدعی کی اس لیے مدد کرتا ہے کیونکہ خود واقعہ ہی ۔۔۔۔۔۔کے امکان کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

(A) محرک (B) غفلت

(C) سازش (D) ملکیت

98. جسمانی زیادتی (Battery) حملہ (Assault) سے اس لیے مختلف ہے کہ جسمانی زیادتی کے لیے غیر قانونی۔۔۔۔۔کا حقیقی اطلاق ضروری ہوتا ہے؟

(A) خود بخود غفلت (B) قتل کی نیت

(C) قوت (D) الفاظ

99. تعدی (tort) کے قانون میں حکمِ امتناعی خاص طور پر اس وقت مفید ہوتا ہے جب مالی ہرجانہ مسلسل۔۔۔۔۔کو روکنے کے لیے ناکافی ہو؟

(A) فوجداری استغاثہ (B) ایذا رسانی یا ناجائز مداخلت

(C) جانشینی (D) ٹیکسیشن

100. صارفین کا تحفظ اور مصنوعات کی ذمہ داری کے اصول اکثر قانونِ ٹارٹ سے اس لیے باہم ملتے ہیں کہ دونوں ناقص اشیا سے پیدا ہونے والے نقصان کو فرض، خلاف ورزی اور۔۔۔۔۔۔کی زبان میں دیکھتے ہیں؟

(A) عوض (B) علاقائی تعلق

(C) نتیجتاً نقصان (D) عدالتی نظر ثانی

***

CODE: 72

# Rough Work